بسم اللہ الرحمن الرحیم

# آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم

# کے چشمۂ روحانیہ کا مختصر تعارف

اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے بے انتہا حمد وشکر ہے اور اس کے حبیب ﷺ پر لاتعداد درود وسلام ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت واصحاب پر بے حساب رحمت وبرکت نازل ہو کہ حضور پر نور روحی فداہ نور من نور اللہ احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کی خاص توجہ وعنایت، اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کی نظر رحمت، حضور غوث الاعظم سیدنا شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی ورحمۃ الھند سیدنا خواجہ غریب نواز معین الدین حسن سنجری رضی اللہ عنہما کی شفقت اور حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں اور اس بارگاہ کے اصل روح رواں سلطان العارفین برہان الدین تاج الاولیاء سلطان الفقر عطاء غوث الاعظم سیدی ومرشدی حضرت مخدوم سید احمد شاہ الہ آبادی علیہم الرحمۃ والرضوان کی ہدایت ورہنمائی اور روحانی فیضان وکرم سے آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی پرنور فضاؤں اور باکرامت خطۂ مقدسہ میں رہ کر درود وسلام کے ذریعے منازل سلوک طے کرنے کی اجازت مرحمت ہوئی اس آستانۂ عالیہ کے روحانی فیوض وبرکات سے ہر دور میں خلق خدا شرابور ہوتی رہی ہے، پس اس لازوال نعمت الٰہیہ سے خلق خدا کو مزید فیضیاب کرنے کے لئے حضور سلطان العارفین علیہ الرحمہ کے اس مقدس آستانۂ عالیہ سے ایسا چشمۂ روحانیہ جاری کیا گیا ہے جس سے خلق خدا کے دلوں میں اللہ رب العلمین کی عبادت کا جذبہ اور حضور اقدس ﷺ کی اطاعت ومحبت کا نور حاصل ہو، تاکہ انسان دہر وقبر وحشر میں سلامتی ایمان کے ساتھ حضور پیارے مصطفیٰ ﷺ کے فرماں بردار امتیوں اور سچے غلاموں میں شامل ہوجائے۔ ہر لمحہ یہاں کی فضاؤں سے فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ (تم اللہ کی طرف بھاگو) کا نغمۂ ہدایت سنا کر ''اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ'' (ابلیس منکر ہوا، غرور کیا اور کافر ہوگیا) کے طائفۂ مغضوبہ وضالہ سے نکلنے کی تلقین کی جاتی ہے، اس آستانۂ مبارکہ سے حضور اقدس ﷺ کے اسوۂ حسنہ وخلق عظیم، عفو ودرگزر، صدق وامانت، لحاظ حقوق، صبر وشکر، حمد وذکر، اخوۃ ومحبت کی تعلیمات کے ساتھ ساتھ مسلک اولیاء پر گامزن رہ کر شریعت وطریقت، معرفت وحقیقت کا روحانی جام پلایا جاتا ہے۔ اس چشمۂ روحانیہ سے سیراب ہونے کا ایک نہر صافی بشکل روحانی درود وسلام جاری وساری ہے چنانچہ آستانۂ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم کی روحانی مشکبار وجانفزا انوار وبرکات سے پر فضاؤں میں رہ کر درود وسلام کے اس حسین گلدستے میں مصطفیٰ جان رحمت ﷺ اور آپ ﷺ کی اہل بیت کی رحمت وشفقت وجملہ اولیاء کرام کے روحانی فیضان سے متقدمین اولیاء کرام کے روحانی اوراد ووظائف اور معارف وحقائق کو درجہ بدرجہ شامل کیا جارہا ہے تاکہ اس پرفتن ماحول میں مختصر وقت کے اندر انسان ان درودوں اور سلاموں کے وسیلے سے نفس اور شیطان مردود کے شروں سے محفوظ ہو کر اللہ ورسول کی رضا اور خوشنودی حاصل کرسکے۔ اس آستانۂ عالیہ کے روحانی فیضان وکرم سے درود وسلام کے موضوع پر درج ذیل کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔

(۱) ''اَلصَّلٰوةُ الرُّوْحَانِيَّةُ وَالدُّعَاءُ الْقَلْبِيَّةُ'' (درود روحانی ودعاء قلبی) (۲) ''اَلصَّلٰوةُ الْمُحَمَّدِيَّةُ'' (درودِ محمدی ﷺ)

(۳) ''صَلٰوةُ الْمِيْمِ الْاَرْبَعِيْنَ'' (درود چہل میم) (۴) ''سلام محمدی'' ﷺ ''مع اسرار ''م، ح، م، د''

یہ تمام کتابیں مخلوق خدا کی ہدایت ورہنمائی کے لئے آستانۂ عالیہ سے بطور نذر پیش کی جاتی ہیں، اور تمام مخلصین قارئین سے گذارش ہے کہ ان کتابوں کو محض اللہ ورسول کی رضا حاصل کرنے لئے زیادہ سے زیادہ مخلوق خدا کو نذر کریں۔

# (۱) ''اَلصَّلٰوۃُ الرُّوْحَانِيَّةُ وَالدُّعَاءُ الْقَلْبِيَّةُ'' (درود روحانی ودعاء قلبی)

# کا مختصر تعارف

'' اَلصَّلٰوۃُ الرُّوْحَانِيَّةُ وَالدُّعَاءُ الْقَلْبِيَّةُ'' (درود روحانی ودعاء قلبی) یہ مبارک کتاب بحمد اللہ تعالیٰ بارگاہ مصطفیٰ ﷺ میں مقبول ہے جس کی بشارت میں آپ ﷺ نے فرمایا'' یہ ایک نایاب تحفہ ہے جس کو میری بارگاہ میں پیش کیا گیا ہے میں نے اس کو قبول کیا ہے اور میں راضی ہوں'' اس کتاب میں بارہ (۱۲) درود ہیں جس میں کلمۂ طیبہ کے اول جزء لا الہ الا اللہ اور ثانی جزء محمد رسول اللہ ﷺ کے ۱۲/۱۲ حروف جلیلہ کے انوار وبرکات اور فیوض وکرامت کی شمولیت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جس کا فیضان سورۂ فاتحہ میں بدرجۂ اتم موجود ہے چنانچہ معنوی طور پر ان درودوں میں سورۂ فاتحہ میں موجود ۱۲/میم کی شان بیان کرتے ہوئے آیات قرآنیہ واسمائے حسنیٰ وادعیۂ اولیاء اور تحمید وتشکر وتسبیح وتکبیر کے ساتھ عظمت مصطفیٰ ﷺ کو بیان کرتے ہوئے حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ پرانوار میں درود وسلام کا گلدستہ بڑے ہی حسین انداز میں پیش کیا گیا ہے، اس درود میں موجود اسمائے حسنیٰ کے اول اول حرف لیں تو اسم محمد ﷺ بن جاتا ہے، جو شخص اس درود کو صبح وشام اپنا معمول بنائے گا وہ جملہ دنیوی واخروی سعادتوں سے مالا مال ہوگا اور اگر اس درود کو پڑھ کر مرحومین کی ارواح کو ایصال کرے تو وہ عذاب قبر سے محفوظ ہوجائیں گے، یہ پوری کتاب'' هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ '' (پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے) کا آئینہ دار ہے اور'' لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا '' (یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول کی زندگی میں بہتر دستور ہے اس کے لئے جو اللہ اور قیامت کے دن پر یقین رکھے اور اللہ کو خوب خوب یاد کرے) کی شاہ راہ پر چلنے والوں کے لئے منزل کا پتہ اور'' وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ '' (جو اللہ پر یقین رکھتا ہے اللہ اس کے دل کو ہدایت عطا فرماتا ہے) کی روشن ہدایت ہے، اس کتاب میں موجود درود وسلام کو پڑھنے والے کی جملہ حاجات دنیوی واخروی حاصل ہونگی طالب اللہ ورسول کے لئے یہ کتاب بہترین مرشد ورہنما ثابت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ (وباللہ التوفیق وھو المستعان خیر رفیق وعلیہ التکلان والحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔)

جاروب کش: محمد عزیز سلطان ناچیز

بدرگاہ عالیہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم

اولیاء مسجد پولوگراؤنڈ، نزد ہائی کورٹ، الہ آباد یوپی (الہند)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الصلوٰۃ الروحانیۃ
و
# الدعاء القلبیۃ

# درودِ روحانی و دعاءِ قلبی




مرتب

بفیض روحانی حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں

سلطان العارفین حضرت مخدوم سید احمد شاہ الہ آبادی
(علیہم الرحمۃ والرضوان)

’محمد عزیز سلطان ناچیز‘

خادم مسجد و درگاہ، پولو گراؤنڈ، نزد ہائی کورٹ، الہ آباد، (یوپی)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# فضیلت درود روحانی ودعائے قلبی

اللہ تعالیٰ کے بے پایاں شکر واحسان اور حبیب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمت وبرکت سے یہ ''درود روحانی ودعائے قلبی'' حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمۃ والرضوان کے آستانہ پاک پر آپ کی خصوصی روحانی تربیت اور روحانی فیوض وبرکات سے اکتساب کرتے ہوئے امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو راحت پہونچانے کیلئے یہ حل المشکلات بافیض انمول خزانہ ترتیب دینے کی توفیق عطا ہوئی۔ وللہ الحمد والشکر۔



جوشخص اپنے تمام گناہوں سے صدق دل سے توبہ کر کے اللہ و رسول کی اطاعت کی توفیق مانگے اور بالخصوص جھوٹ، غیبت، حسد، کینہ، تکبر، بداخلاقی، بدکرداری، بدنظری اور بدگمانی سے بالکلیہ توبہ کرے یعنی ہر گناہ کبیرہ وصغیرہ سے بچتا رہے۔ اور روزانہ صبح وشام ایک بار اس درود پاک کو پڑھنے کا اپنا معمول بنا لے تو اسے اللہ ورسول کی بارگاہ میں مقبولیت حاصل ہوگی اور اسکا دل منور ہوگا، اور اسکے تمام اعضاء گناہوں اور مہلک امراض سے محفوظ ہوجائیں گے، اور اسے دنیوی واخروی کی بے شمار سعادتیں حاصل ہونگی، اس پر عالم ارواح کے ساتھ اسرار الٰہیہ اور خزانۂ غیب کی کلید کا انکشاف ہوگا، جس گھر میں اس درود پاک کو پڑھا جائے تو وہاں سے شیطان خبیث اور جادو کے اثرات کا دفعیہ ہوگا اگر کسی بھی مریض کو پانی پر پڑھ کر دیا جائے تو فوراً صحت وشفا حاصل ہوگی۔

**قضائے حاجت کیلئے:** طہارت کاملہ کے بعد دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد بارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر اس کا ثواب جملہ ارواح انبیا واولیا کو نذر کرے بعدہٗ حضور غوث الاعظم وحضرت خواجہ غریب نواز اور حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں علیہم الرحمۃ والرضوان کی روحانیت کی جانب متوجہ ہوکر اس درود کو تین بار پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ مقاصد میں فوراً کامیابی حاصل ہوگی۔

**امراض زنانہ:** اگر عورت اس دعا کو پڑھے تو اس سے ہر قسم کی بیماریاں دفع ہوئینگی، اور حاملہ عورت اس دعا کو پڑھے تو اسے دردزہ سے نجات حاصل ہوگی اور ولادت آسانی کے ساتھ ہوگی، اور بچہ ہر نفس وشیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

نوٹ: اس درود پاک کو باوضو پڑھے، اور ارواح اولیاء سے فیض حاصل کرنے کیلئے ان کی طرف منسوب کرکے پڑھے، یہ درود حاجت روائی و اجابت دعاء اور جملہ سعادت دارین کی حصولیابی میں لازوال نعمت کی کنجی ہے۔ اس کی فضیلت بیان سے باہر ہے پڑھنے والا خود ملاحظہ فرمائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

وباللہ التوفیق وھو خیر رفیق۔

الصلوۃ والسلام علی حبیبہ سیدنا محمد والہ اجمعین۔

# (١)

بِسْمِ اللّٰهِ جَلِيْلِ الشَّانِ • عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ •

شَدِيْدِ السُّلْطَانِ • مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ •

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ •

يَامَالِكُ يَاحَقُّ يَامُؤْمِنُ يَادَائِمُ صَلِّ صَلٰوةً دَائِمَةً •

وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا • وَّبَارِكْ بَرَكَةً سَرْمَدًا •

بِصِفَتِكَ الْجَلِيْلَةِ مِيْمِ الْمَالِكِ وَحَاءِ الْحَقِّ

وَمِيْمِ الْمُؤْمِنِ وَدَالِ الدَّائِمِ عَلٰى نُوْرِكَ •

وَحَبِيْبِكَ وَمَحَبَّتِكَ الَّذِىْ اِسْمُهٗ الْكَرِيْمُ •



ذَكَرْتَ فِيْ سُوْرَةِ الْفَتْحِ لِلْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ •
فَقُلْتَ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا • مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ •
وَفِيْهِ بَيَّنْتَ عَظَمَةَ مَحَبَّتِكَ • وَجَعَلْتَ اِسْمَهُ
الْجَلِيْلَ كَلَامَكَ الْقَدِيْمَ • وَقَدْ تَمَلَّكْتَهُ لِكُلِّ
خَلْقِكَ بِالْحَقِّ • وَاتَّخَذْتَهُ مَحَبَّتَكَ بِالصِّفَةِ
الْمُؤْمِنِ بِالدَّوَامِ • وَقَدْ جَعَلْتَهُ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ •
فَهُوَ سَيِّدُنَا وَمَوْلٰينَا وَمَلْجَانَا • وَعَلٰى هٰذَا قَدْ
اَمَرْتَ عَلَيْهِ بِالصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ • فَقُلْتَ فِيْ
الْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ • اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى
النَّبِيِّ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
تَسْلِيْمًا ﷺ • اِنَّهٗ كَانَ حَقَّهٗ بِحُكْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى •
اَللّٰهُمَّ يَامَالِكُ اَللّٰهُمَّ يَاحَقُّ اَللّٰهُمَّ يَامُؤْمِنُ
اَللّٰهُمَّ يَادَائِمُ • اِنَّمَا هُوَالْبَاقِيْ فَلَا يَفْنِيْ اَبَدًا •



وَّلَا مُنْتَهٰى لِدَيْمُوْمَتِهٖ • وَلَازَوَالَ لِمُلْكِهٖ
وَقُدْرَتِهٖ وَقُوَّتِهٖ • وَهُوَدَائِمٌ بِقُدْرَتِهِ الْقَدِيْمِ •
بِحَقِّ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ • وَّ بِحَقِّ اَللّٰهُ الصَّمَدُ • وَبِحَقِّ لَمْ
يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ • وَبِحَقِّ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ •
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ • وَبِصِفَتِكَ الْجَلِيْلَةِ الْمُبَارَكَةِ •
وَبِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ • صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
سَيِّدِنَا نُوْرِكَ • وَمَوْلٰينَا حَبِيْبِكَ الَّذِيْ قَدْ
وَصَلْتَ اِسْمَهُ الرَّفِيْعَ الْمُبَارَكَ •
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ • بِالْكَلِمَةِ الطَّيِّبَةِ
لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِلَا فَصْلٍ • وَّهِيَ
كَلِمَةُ الْاِيْمَانِ • وَكَلِمَةُ الْاِسْلَامِ • وَكَلِمَةُ
الْاِحْسَانِ • وَكَلِمَةُ كُلِّ الْعَالَمِ • وَكَلِمَةُ

مَحَبَّتِكَ ○ وَكَلِمَةُ رِضَائِكَ • وَكَلِمَةُ تَقَرُّبِكَ
الْخَاصِّ ○ وَكَلِمَةُ الْعَرْشِ وَالْفَرْشِ • وَكَلِمَةُ
الْمَكَانِ وَاللَّامَكَانِ • اِنِّيْ اٰمَنْتُ بِهَا ظَاهِرًا وَّ
بَاطِنًا وَّلِسَانًا وَّقَلْبًا • اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اِلٰهٌ
وَّاحِدٌ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اللهُ • وَاَشْهَدُ اَنِّيْ اَنَا الْاُمَّتِيُّ
لِرَسُوْلِكَ • وَهُوَ سَيِّدُ الْمُرْسَلِيْنَ • وَبِحَقِّ
حَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ الْمَحَبَّةِ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ • اَنْ
تَحْفَظَنَا مِنْ كُلِّ سُوْءِ النَّظَرِ وَسُوْءِ السِّيْرَةِ
وَخَبِيْثِ النَّفْسِ • وَسُوْءِ الْخُلُقِ وَسُوْءِ
السُّلُوْكِ • وَشَنَاعَةِ الْاَعْمَالِ وَالْاَقْوَالِ
وَالْاَفْعَالِ • وَمِنْ كُلِّ آفَةِ الْعِلْمِ وَاللِّسَانِ
وَالْجَهْلِ وَالذُّهُوْلِ • اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا



حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ •
بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔ اے بادشاہت والے اے سچے اے امن دینے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مالک کے میم حق کی حا مؤمن کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے نور اور اپنی اس محبت پر خوب دائمی

درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما، جن کے اسم پاک کو
تونے قرآن عظیم کے سورۂ فتح میں ذکر کیا ہے چنانچہ تو فرماتا ہے
''اور اللہ اس شہادت کے لئے کافی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول
ہیں'' تونے اس میں اپنی محبت کی عظمت کو اجاگر کیا ہے اور اپنی محبت
کے اسم پاک کو اپنا قدیمی کلام قرار دیا ہے تو نے انہیں اپنی ساری
خلقت کا حق کے ساتھ مالک بنایا ہے اور تو نے انہیں صفت مؤمن
کے ساتھ دائمی طور پر اپنی محبت بنا کر سارے جہان کے لئے رحمت
قرار دیا تو وہ ہمارے سردار ہیں ہمارے مولیٰ ہیں اور ہماری پناہ گاہ
ہیں اسی بنا پر تو نے ان پر خوب درود وسلام بھیجنے کا حکم دیا ہے۔
چنانچہ تو قرآن حکیم میں فرماتا ہے ''بے شک اللہ اور اس کے فرشتے
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر خوب درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی ان پر
خوب خوب درود وسلام بھیجو صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم '' بے شک یہ آپ کا حق ہے اللہ
تعالیٰ کے حکم سے۔ اے میرے اللہ اے بادشاہت والے اے
میرے اللہ اے سچے اے میرے اللہ اے امن دینے والے اے
میرے اللہ اے ہمیشگی والے بے شک وہی باقی رہنے والا ہے اسے



کبھی فنا نہیں اس کی ہمیشگی کے لئے کوئی انتہا نہیں اور نہ ہی اس کے
ملک وقدرت اور قوت کے لئے کوئی زوال ہے، وہ اپنی قدیمی
قدرت سے ہمیشگی والا ہے، اس حق کے واسطے کہ وہ تنہا ہے ، اس حق
کے واسطے کہ اللہ بے نیاز ہے، اور اس حق کے واسطے کہ اس کی کوئی
اولاد نہیں اور وہ کسی سے پیدا نہیں، اس حق کے واسطے کہ کوئی اس کے
برابر نہیں۔ اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں، ان کی حرمت وعزت کے واسطے
اور تیری جلالت و بابرکت والی صفت پاک اور تیرے اسم اعظم کے
واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو ہمارے سردار اپنے نور ہمارے
آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اپنے اس حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر خوب درود وسلام اور
برکتیں نازل فرما جن کے بلند بابرکت اسم پاک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کو تو نے کلمۂ طیبہ 'لا الہ الا اللہ' کے ساتھ بغیر کسی فاصلہ کے ملایا،
یہی ایمان واسلام اور احسان کا کلمہ ہے (بلکہ سارے جہان کا کلمہ
ہے) تیری محبت کا کلمہ ہے تیری رضا کا کلمہ ہے یہی تیرا قربِ خاص
پانے کا کلمہ ہے عرش وفرش اور مکان ولا مکاں کا کلمہ ہے بے شک میں

اس کلمۂ طیبہ پر ظاہری و باطنی طور پر زبان و دل سے ایمان لایا میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی تنہا عبادت کے لائق ہے توؐ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، نیز میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں تیرے اس رسول کا امتی ہوں جو تمام رسولوں کے سردار ہیں اور تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیرے نور محبت کے واسطے سے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں کہ تو ہمیں ہر بدنظری بد چلنی بد ذاتی بداخلاقی بداطواری بداعمالی اور بداقوالی و بدافعالی سے محفوظ فرمادے اور ہر علم و زبان کی آفت جہالت و بدحواسی سے حفاظت فرما اے میرے اللہ اے ہمارے پالنہار تو ہمیں دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں عطا فرما اور آگ کے عذاب سے بچا لے، اس حق کے واسطے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

❀ ❀ ❀



## (۲)

بِسْمِ اللّٰهِ جَلِيْلِ الشَّانِ • عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ •

شَدِيْدِ السُّلْطَانِ • مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ •

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا مَجِيْدُ يَا حَيُّ يَا مُهَيْمِنُ يَا دَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً دَائِمَةً وَّسَلِّمْ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكْ بَرَكَةً سَرْمَدًا • بِصِفَتِكَ الْجَلِيْلَةِ مِيْمِ الْمَجِيْدِ وَحَاءِ الْحَيِّ وَمِيْمِ الْمُهَيْمِنِ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبْدِكَ وَمَحْبُوْبِكَ وَخَلِيْلِكَ وَاِسْمِ مَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ •

صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْحَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ • صَلٰوةً
لَّاغَايَةَ لَهَاوَلَاانْتِهَاءَ وَلَااَمَدَلَهَا • بِاَمْرِكَ
السُّبْحٰنِ كُنْ فَيَكُوْنُ • وَبِقُدْرَتِكَ الْقَدِيْمِ •
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ • فَاِنَّكَ اَنْتَ مُجِيْبُ
الدَّعْوَاتِ وَاَنْتَ غِيَاثُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ • وَاَنْتَ
خَيْرُالنَّاصِرِيْنَ وَاَنْتَ خَيْرُالرَّاحِمِيْنَ وَاَنْتَ
خَيْرُالْغَافِرِيْنَ • اَللّٰهُمَّ يَامَجِيْدُ اَللّٰهُمَّ يَاحَيُّ
اَللّٰهُمَّ يَامُهَيْمِنُ اَللّٰهُمَّ يَادَائِمُ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ • اَنْ تَغْفِرَلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ
وَلِمَنْ اَحَبَّنِيْ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَ
الْاَمْوَاتِ اَجْمَعِيْنَ • لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ




كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ • رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ
وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ • وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللهِ
اِنَّ اللهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ • بِرَحْمَتِكَ الْقَدِيْمِ
وَبِمَغْفِرَتِكَ الْعَظِيْمِ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔ اے نہایت بزرگی والے اے زندہ رہنے والے اے نگہبان اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مجید کے میم حی کی حا مھیمن کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے محبوب اپنے خلیل اور اپنی محبت کے اسم پاک

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما (اے میرے اللہ) ایسا درود وسلام اور برکتیں نازل فرما جو شمار سے باہر ہو اور حد سے متجاوز ہو ایسا درود جس کی کوئی حد وانتہا نہ ہو اور نہ اس کا کوئی اندازہ ہو تیرے پاک امر کن فیکون کا واسطہ ہے اور تیری قدیمی قدرت کا واسطہ ہے بے شک تو ہی ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ کیونکہ صرف تو ہی دعاؤں کا قبول کرنے والا ہے اور تو ہی فریاد کرنے والوں کی فریاد کو پہنچنے والا ہے تو ہی تمام مددگاروں میں بہتر ہے تو ہی تمام رحم کرنے والوں میں بہتر ہے تو ہی تمام بخشنے والوں میں بہتر ہے اے میرے اللہ اے بزرگی والے اے میرے اللہ اے زندہ رہنے والے اے میرے اللہ اے نگہبان اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے بخش دے میرے والدین کو بخش دے میرے اہل وعیال کو بخش دے میرے احباب کو بخش دے اور تمام مومن مرد وعورت تمام مسلمان مرد وعورت زندوں اور مردوں میں سے سب کو بخش دے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیری ذات پاک ہے بیشک میں ہی





ظالموں میں سے ہوں اے میرے پالنہار مجھے تکلیف نے چھولیا ہے اور تو ہی تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ مہربان ہے میں اپنے معاملے کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں بے شک اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے۔ اے تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ مہربان واسطہ ہے تیری قدیمی رحمت کا اور واسطہ ہے تیری عظیم مغفرت کا۔

## (۳)

بِسْمِ اللهِ جَلِيْلِ الشَّانِ • عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ •

شَدِيْدِ السُّلْطَانِ • مَاشَاءَ اللهُ كَانَ •

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ •

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللهِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ •
يَامُغِيْثُ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ يَادَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً
دَائِمَةً وَّسَلِّمْ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكْ بَرَكَةً سَرْمَدًا •
بِصِفَتِكَ الْجَلِيْلَةِ مِيْمِ الْمُغِيْثِ وَحَاءِ الْحَنَّانِ
وَمِيْمِ الْمَنَّانِ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبْدِكَ
وَخَلِيْلِكَ وَنُوْرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ



اَجْمَعِيْنَ • صَلٰوةً تَحُلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَتَفُكُّ
بِهَا الْكُرَمَ بِحَقِّ رَحْمَتِكَ الْوَاسِعَةِ • اَللّٰهُمَّ
يَامُغِيْثُ اَللّٰهُمَّ يَاحَنَّانُ اَللّٰهُمَّ يَامَنَّانُ اَللّٰهُمَّ
يَادَائِمُ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفِ اللهِ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ • اَنْ تَحْفَظَنَا مِنْ جَمِيْعِ
الْمَضَارِّ وَالْمَضَالِّ • وَالْمَصَائِبِ وَالْمَعَائِبِ
وَاللَّوَازِبِ وَاللَّوَازِمِ وَالنَّوَائِبِ وَالشَّدَائِدِ
وَالْهُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ وَالدُّيُوْنِ • يَاغِيَاثَ
الْمُسْتَغِيْثِيْنَ بِرَحْمَتِكَ وَعِزَّتِكَ اَسْتَغِيْثُ •
يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ اِفْتَحْ عَلَيْنَا اَبْوَابَ تَوْبَتِكَ
وَاَبْوَابَ مَغْفِرَتِكَ وَاَبْوَابَ رَحْمَتِكَ بِحَقِّ مَنْ
قَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُوْنَ بِاَمْرِهٖ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل
والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں

اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔ اے فریاد کو پہونچنے والے اے بہت مہربانی کرنے والے اے خوب احسان کرنے والے اے ہیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مغیث کی میم، حنان کی حا، منان کی میم، اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے خلیل اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما۔ ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو گرہیں کھول دے اور کرم عام فرما دے اس حق کے واسطے کہ تیری رحمت وسیع ہے اے میرے اللہ اے فریاد کو پہونچنے والے اے میرے اللہ اے نہایت مہربانی کرنے والے اے میرے اللہ اے خوب احسان کرنے والے اے میرے اللہ اے ہیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے



اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت وعزت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو ہمیں تمام تکلیفوں تمام گمراہیوں، مصیبتوں، عیبوں، تمام الزامات، حوادثات وبلیات سختیوں تمام رنج وغم اور قرضوں سے محفوظ فرما دے اے فریادی کی فریاد کو پہونچنے والے میں تیری رحمت اور عزت کے واسطے سے فریاد کر رہا ہوں اے دروازوں کو کھولنے والے تو ہم سب پر اپنی طرف رجوع کرنے کے دروازے کھول دے تو ہم پر اپنی مغفرت اور رحمت کے دروازے کھول دے اس ذات کا واسطہ ہے جس کے امر سے زمین وآسمان قائم ہیں۔



آستانہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

## (۴)

بِسۡمِ اللهِ جَلِيۡلِ الشَّانِ • عَظِيۡمِ الۡبُرۡهَانِ •
شَدِيۡدِ السُّلۡطَانِ • مَا شَآءَ اللهُ كَانَ •
اَعُوۡذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ •
بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •
بِسۡمِ اللهِ وَلَكَ الۡحَمۡدُ وَلَكَ الشُّكۡرُ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •
بِسۡمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ •
يَا مُجِيۡبُ يَا حَفِيۡظُ يَا مُعۡطِيۡ يَا دَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً
دَائِمَةً وَّسَلِّمۡ سَلَمًا اَبَدًا وَّبَارِكۡ بَرَكَةً سَرۡمَدًا •
بِصِفَتِكَ الۡجَلِيۡلَةِ مِيۡمِ الۡمُجِيۡبِ وَحَاءِ الۡحَفِيۡظِ
وَمِيۡمِ الۡمُعۡطِيۡ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبۡدِكَ



وَخَلِيۡلِكَ وَنُوۡرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ
اَجۡمَعِيۡنَ • صَلٰوةً تُجِيۡبُ بِهَا دُعَائَنَا • وَصَلٰوةً
تُنَجِّيۡنَا بِهَا مِنۡ نُّحُوۡسَاتِ الشَّمۡسِ وَالۡقَمَرِ وَكُلِّ
النُّجُوۡمِ • وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ هَمَزَاتِ الشَّيۡطٰنِ
الرَّجِيۡمِ • بِحَقِّ اِنَّكَ اَنۡتَ سَمِيۡعُ الدُّعَاءِ • اَللّٰهُمَّ
يَا مُجِيۡبُ اَللّٰهُمَّ يَا حَفِيۡظُ اَللّٰهُمَّ يَا مُعۡطِيۡ اَللّٰهُمَّ
يَا دَائِمُ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَسۡئَلُكَ بِحُرۡمَةِ سَيۡفِ اللهِ
مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللهِ ﷺ • اَنۡ تُتِمَّ اِحۡسَانَكَ اِلَيَّ فِيۡ
كُلِّ حَيَاتِيۡ كَمَا اَحۡسَنۡتَ عَلٰى اَوۡلِيَاءِ اُمَّةِ
حَبِيۡبِكَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ • بِحَقِّ مَنۡ يَّمۡلِكُ حَوَائِجَ
السَّائِلِيۡنَ • وَيَعۡلَمُ ضَمِيۡرَ الصَّامِتِيۡنَ • لِكُلِّ
مَسۡئَلَةٍ مِّنۡكَ سَمۡعٌ حَاضِرٌ • وَّ جَوَابٌ عَتِيۡدٌ •
وَلِكُلِّ صَامِتٍ مِّنۡكَ عِلۡمٌ بَاطِنٌ مُّحِيۡطٌ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والاعظیم دلیل والازبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔اے قبول فرمانے والے اے حفاظت فرمانے والے اے عطا کرنے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مجیب کے میم حفیظ کی حا معطی کے میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے خلیل اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما، ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہماری دعاؤں کو قبول فرما، اور ایسا درود نازل فرما کہ جس کی برکت سے تو ہمیں سورج و چاند اور تمام ستاروں کی



نحوستوں سے نجات بخش دے اور میں دھتکارے ہوئے شیطان کے چیلوں سے تیری پناہ لیتا ہوں اس حق کے واسطے کہ تو ہی دعاؤں کا سننے والا ہے، اے میرے اللہ اے قبول فرمانے والے اے میرے اللہ اے حفاظت فرمانے والے اے میرے اللہ اے عطا کرنے والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو میری پوری زندگی میں اسی طرح اپنے احسانات کو تمام فرمادے جیسا کہ تو نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے مقرب ترین اولیا پر احسان فرمایا اس ذات کا واسطہ ہے جو تمام مانگنے والوں کی ضرورتوں کا مالک ہے اور سب بے زبانوں کے دل کی بات جانتا ہے، ہر ہر سوال کے لئے جو بھی تجھ سے کیا جائے حضوری سماعت والا ہے، اور جواب تیار ہے اور ہر خاموش کے لئے تیری طرف سے احاطہ کرنے والا پوشیدہ علم ہے۔

## (۵)

بِسۡمِ اللّٰهِ جَلِيۡلِ الشَّانِ • عَظِيۡمِ الۡبُرۡهَانِ •

شَدِيۡدِ السُّلۡطَانِ • مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ •

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ وَلَكَ الۡحَمۡدُ وَلَكَ الشُّكۡرُ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا مُحۡيِىُ
يَا حَامِدُ يَا مُمِيۡتُ يَا دَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً دَائِمَةً
وَّسَلِّمۡ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكۡ بَرَكَةً سَرۡمَدًا • بِصِفَتِكَ
الۡجَلِيۡلَةِ مِيۡمِ الۡمُحۡيِى وَحَاءِ الۡحَامِدِ وَمِيۡمِ
الۡمُمِيۡتِ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبۡدِكَ وَحَبِيۡبِكَ
وَنُوۡرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ • صَلٰوةً



تُزَكِّىۡ بِهَا نُفُوۡسَنَا وَتُحۡيِىۡ بِهَا قُلُوۡبَنَا بِحَقِّ مَنۡ
يُّقَلِّبُ الۡقُلُوۡبَ وَيُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ وَيَثۡبُتُ مَا يَشَاءُ •
اَللّٰهُمَّ يَا مُحۡيِىُ اَللّٰهُمَّ يَا حَامِدُ اَللّٰهُمَّ يَا مُمِيۡتُ
اَللّٰهُمَّ يَا دَائِمُ • اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡ اَسۡئَلُكَ بِحُرۡمَةِ
سَيۡفُ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ﷺ • وَبِتَقۡدِيۡسِكَ
وَسُلۡطَانِكَ وَقُدۡرَتِكَ اَنۡ لَّا تَحۡرِمَنِىۡ رِفۡدَكَ
وَفَضۡلَكَ وَجَمَالَكَ وَجَلَالَكَ وَفَوَائِدَ
كَرَامَاتِكَ • رَبِّ اِنِّىۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ • رَبَّنَا
اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَى
الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ • بِحَقِّ مَنۡ لَّهٗ مُلۡكُ الۡمَكَانِ
وَاللَّامَكَانِ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا
زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی

پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔اے زندہ کرنے والے اے تعریف کرنے والے اے موت دینے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک محی کے میم حامد کی حاممیت کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی تمام آل واولاد پر خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہمارے نفسوں کو ستھرا بنا دے اور ہمارے دلوں کو زندہ فرما دے اس ذات کا واسطہ ہے جو دلوں کو پھیر دیتا ہے اور امر کی تدبیر فرماتا ہے اور جو چاہتا ہے ثابت فرماتا ہے اے میرے اللہ اے زندہ کرنے والے اے میرے اللہ اے تعریف کرنے والے اے میرے اللہ اے موت دینے والے اے



میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کے واسطے اور تیری بزرگی و پاکی اور تیری بادشاہت وقدرت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے اپنے عطیہ اور فضل سے محروم مت فرما اور مجھے اپنے جمال وکمال اور اپنے کرامات کے فوائد سے محروم نہ رکھ اے میرے پالنے والے بے شک میں بے بس ولاچار ہوں تو تو مدد فرما اے ہمارے رب تو ہم پر صبر کو انڈیل دے اور ہمارے قدموں کو ثابت فرما اور کافر قوموں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما اس ذات کا واسطہ ہے جس کے لئے مکان ولامکان کی بادشاہت ہے۔

## (٢)

بِسْمِ اللهِ جَلِيْلِ الشَّانِ ● عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ ●

شَدِيْدِ السُّلْطَانِ ● مَا شَاءَ اللهُ كَانَ ●

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ●

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ●

بِسْمِ اللهِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ●

بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ ●

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ ● يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ ●
يَامَاجِدُ يَاحَكِيْمُ يَامَتِيْنُ يَادَائِمُ ● صَلِّ صَلٰوةً
دَائِمَةً وَّسَلِّمْ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكْ بَرَكَةً سَرْمَدًا ●
بِصِفَتِكَ الْجَلِيْلَةِ مِيْمِ الْمَاجِدِ وَحَاءِ الْحَكِيْمِ
وَمِيْمِ الْمَتِيْنِ وَدَالِ الدَّائِمِ ● عَلٰى عَبْدِكَ
وَحَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ



اَجْمَعِيْنَ ● صَلٰوةً تَرْزُقُنَا بِهَا حِكْمَةً بَالِغَةً وَّعِلْمًا
نَّافِعًا وَّتَوْبَةً مَّقْبُوْلَةً دَائِمَةً ● بِحَقِّ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ
اَهْيًا اَشْرَاهِيًا بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ● اَللّٰهُمَّ
يَامَاجِدُ اَللّٰهُمَّ يَاحَكِيْمُ اَللّٰهُمَّ يَامَتِيْنُ اَللّٰهُمَّ
يَادَائِمُ ● اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللهِ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ ● اَنْ تَصْرِفَ عَنِّيْ الضَّرَّاءَ
وَالْبَلَاءَ وَالْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ ● وَجَمِيْعَ الْاٰفَاتِ مِنْ
اَوْلَادِيْ وَاٰبَائِيْ وَاُمَّهَاتِيْ وَاَقْرِبَائِيْ وَعَشِيْرَتِيْ ●
بِحَقِّ حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى
وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ●

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ

کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پالنہار۔اے بزرگی والے اے حکمت والے اے قوت والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک ماجد کی میم، حکیم کی حا، متین کی میم، اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آپ کی تمام آل واولاد پر خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہمیں بلیغ حکمت نفع بخش علم اور دائمی مقبول توبہ کی توفیق بخش اے زندہ رہنے والے اے قائم فرمانے والے اھیاً اشر اھیاً کا واسطہ ہے میں تیری رحمت سے فریاد کررہا ہوں اے میرے اللہ اے بزرگی والے اے میرے اللہ اے حکمت والے اے میرے اللہ اے قوت والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھ سے میری اولادوں میرے ماں باپ قریبی رشتہ داروں اور میرے کنبے سے سختیوں، بلاؤں، فکروں غموں اور تمام آفتوں کو پھیر دے اس حق کے واسطے کہ اللہ ہی ہمیں کافی ہے اور وہی بہتر وکیل ہے کیا ہی بہتر مولیٰ اور کیا ہی بہتر مددگار ہے۔



## (۷)

بِسْمِ اللّٰهِ جَلِيْلِ الشَّانِ • عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ •

شَدِيْدِ السُّلْطَانِ • مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ •

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَامُصَوِّرُ يَا حَلِيْمُ يَا مُقَدِّمُ يَا دَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً دَائِمَةً وَّسَلِّمْ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكْ بَرَكَةً سَرْمَدًا • بِصِفَتِكَ الْجَلِيْلَةِ مِيْمِ الْمُصَوِّرِ وَحَاءِ الْحَلِيْمِ وَمِيْمِ الْمُقَدِّمِ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبْدِكَ

وَحَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ
اَجْمَعِيْنَ• صَلٰوةً تَقْضِىْ بِهَا حَوَائِجَنَا الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ • بِحَقِّ اَنْتَ قَاضِىُ الْحَاجَاتِ وَاَنْتَ
مُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ فِى الدَّارَيْنِ • اَللّٰهُمَّ
يَامُصَوِّرُ اَللّٰهُمَّ يَاحَلِيْمُ اَللّٰهُمَّ يَامُقَدِّمُ اَللّٰهُمَّ
يَادَائِمُ •اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللّٰهِ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ• اَنْ تَذُوْقَنِىْ مِنْ بَرْدِ
حِلْمِكَ عَلٰى مَا اُبْتَهِجُ بِهٖ فِىْ عَوَالِمِىْ فَلَا اَشْهَدُ فِىْ
الْكَوْنِ اِلَّا مَايَقْتَضِىْ سُكُوْنِىْ وَرِضَائِىْ• اِلٰهِىْ
مَا اَحْلَمَكَ عَلٰى مَنْ عَصَاكَ وَ مَا اَقْرَبَكَ مِمَّنْ
دَعَاكَ• وَمَا اَعْطَفَكَ عَلٰى مَنْ سَأَلَكَ وَمَا
اَرْأَفَكَ بِمَنْ اَمَّلَكَ• مَنْ ذَاالَّذِىْ سَئَلَكَ
فَحَرَّمْتَهٗ اَوْلَجَأَ اِلَيْكَ فَأَهْمَلْتَهٗ اَوْ تَقَرَّبَ مِنْكَ
فَأَبْعَدْتَّهٗ• اَوْ هَرَبَ اِلَيْكَ فَطَرَدْتَّهٗ لَكَ الْخَلْقُ



وَالْاَمْرُ اِلٰهِىْ اَتَرَاكَ تُعَذِّبُنَا وَ تَوْحِيْدُكَ فِىْ
قُلُوْبِنَا• وَمَا اَخَالُكَ تَفْعَلُ وَلَئِنْ فَعَلْتَ
اَتَجْمَعُنَا مَعَ قَوْمٍ طَالَ مَا بَغَضْنَا هُمْ لَكَ •
فَبِالْمَكْنُوْنِ مِنْ اَسْمَائِكَ وَمَا وَارَتْهُ الْحُجُبُ
مِنْ بَهَائِكَ• اَنْ تَغْفِرَ لِهٰذِهِ النَّفْسِ الْهَلُوْعِ
وَلِهٰذَا الْقَلْبِ الْجُزُوْعِ الَّذِىْ لَايَصْبِرُ لِحَرِّ
الشَّمْسِ فَكَيْفَ يَصْبِرُ لِحَرِّ نَارِكَ • يَا اَللّٰهُ يَا
رَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ بِحَقِّ اِنَّكَ اَنْتَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔اے صورت گری کرنے والے اے بردباری کرنے والے اے آگے بڑھانے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مصور کی میم حلیم کی حا مقدم کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہماری دنیوی واخروی ضرورتوں کو پوری فرما دے، اس حق کے واسطے کہ تو ہی تمام حاجتوں کو پورا کرنے والا ہے اور تو ہی دونوں جہاں میں اسباب کے لئے سبب بنانے والا ہے، اے میرے اللہ اے صورت گری کرنے والے اے میرے اللہ اے بردبار اے میرے اللہ اے آگے بڑھانے والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں، ان کی حرمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے اپنی اس بردباری کی ٹھنڈک چکھا جو میرے حق میں ہو جس کے ساتھ میں اپنی معلومات کے اعتبار سے خوش ہو جاؤں تو میں کائنات میں اُنہیں چیزوں کا مشاہدہ کروں جو میرے سکون اور میری رضا کی مقتضی ہوں، اے میرے معبود برحق تو



کیسا بردبار ہے اس پر جو تیری نافرمانی کرے اور تو کیسا قریب ہے اس سے جو تجھے پکارے اور تو کیسا مہربان ہے اس پر جو تجھ سے سوال کرے۔ اور تو کیسا مہربان ہے اس کے ساتھ جو تجھ سے امید رکھے کون ہے ایسا جس نے تجھ سے سوال کیا ہو تو تو نے اسے محروم رکھا یا تیری طرف التجا کرنے والا ہوا تو تو نے اس کو بے کار چھوڑا یا تیرا مقرب بندہ بننا چاہا، تو تو نے اسے رد کر دیا، یا تیری طرف دوڑ کر آیا تو، تو نے اس کو دھتکار دیا۔ سب خلقت اور سب امر صرف تیرے لئے ہے، اے میرے معبود کیا تو مناسب سمجھتا ہے کہ تو ہمیں عذاب دے جب کہ تیری توحید ہمارے دلوں میں ہے، میں کبھی خیال میں نہیں لاتا کہ تو ایسا کرے گا، اور اگر تو نے ایسا کیا تو ہم لوگوں کو ان کے ساتھ اکٹھا کریگا جن کو ہم بڑی مدت سے تیری محبت کے سبب سے دشمن جانتے ہیں، پس تو اپنے پوشیدہ ناموں کی برکت سے اور اس نور ذات کے طفیل سے جو پردوں میں پوشیدہ ہے اِس لالچی نفس اور بے صبرے دل کو بخش دے جس کی حالت یہ ہے کہ وہ دھوپ کی گرمی میں صبر نہیں کرسکتا تو تیرے آگ کی گرمی میں کس طرح صبر کر سکے گا، اے اللہ اے بہت مہربان اے نہایت رحم فرمانے والے اس حق کے واسطے کہ تو ہی بہت بخشنے والا بردبار ہے۔

## (٨)

بِسۡمِ اللهِ جَلِيۡلِ الشَّانِ • عَظِيۡمِ الۡبُرۡهَانِ •
شَدِيۡدِ السُّلۡطَانِ • مَاشَآءَ اللهُ كَانَ •
اَعُوۡذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ •
بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •
بِسۡمِ اللهِ وَلَكَ الۡحَمۡدُ وَلَكَ الشُّكۡرُ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •
بِسۡمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ •
يَامُقۡسِطُ يَاحَسِيۡبُ يَامُؤَخِّرُ يَادَائِمُ • صَلِّ
صَلٰوةً دَائِمَةً وَّسَلِّمۡ سَلۡمًا اَبَدًا وَّبَارِكۡ بَرَكَةً
سَرۡمَدًا • بِصِفَتِكَ الۡجَلِيۡلَةِ مِيۡمِ الۡمُقۡسِطِ وَحَاءِ
الۡحَسِيۡبِ وَمِيۡمِ الۡمُؤَخِّرِ وَدَالِ الدَّائِمِ •
عَلٰى عَبۡدِكَ وَحَبِيۡبِكَ وَنُوۡرِكَ وَمَحَبَّتِكَ



مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ • صَلٰوةً تُضَاعِفُ بِهَا
حُبَّكَ وَحُبَّ حَبِيۡبِكَ فِيۡ قُلُوۡبِنَا • وَتُغۡرِقُنَا
بِهَا فِيۡ لُطۡفِكَ وَلُطۡفِ حَبِيۡبِكَ اِلَى الۡاَبَدِ • وَرَبَّنَا
لَاتُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡهَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ
لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ • بِحَقِّ اِنَّكَ
اَنۡتَ تُحِبُّ الۡمُقۡسِطِيۡنَ • وَاِنَّكَ اَنۡتَ لَطِيۡفٌ
بِالۡعِبَادِ • اَللّٰهُمَّ يَامُقۡسِطُ اَللّٰهُمَّ يَاحَسِيۡبُ
اَللّٰهُمَّ يَامُؤَخِّرُ اَللّٰهُمَّ يَادَائِمُ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ
اَسۡئَلُكَ بِحُرۡمَةِ سَيۡفُ اللهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ
اللهِ ﷺ • اَنۡ تَلۡطُفَ بِيۡ فِيۡ قَضَائِكَ وَقَدۡرِكَ كَمَا
لَطُفۡتَ بِيۡ فِيۡ ظُلُمٰتِ الۡاَحۡشَاءِ • وَفَرِّجۡ عَنِّيۡ
الضِّيۡقَ وَلَا تُحَمِّلۡنِيۡ مَالَا اُطِيۡقُ • بِحَقِّ اِنَّكَ اَنۡتَ
مُفَرِّجُ كُرَبِ الۡمَكۡرُوۡبِيۡنَ • وَاَنۡتَ حَسۡبِيۡ وَعَلَيۡكَ
التُّكۡلَانُ وَاَنۡتَ الۡمُسۡتَعَانُ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والاعظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔ اے انصاف فرمانے والے اے حساب لینے والے اے پیچھے کرنے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مقسط کی میم حسیب کی حا مؤخر کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہمارے دلوں میں اپنی اور اپنے حبیب کی محبت کو خوب خوب بھر دے اور تو ہمیں اپنی اور اپنے حبیب کی لطف ومہربانی



میں ابدی طور پر شرابور فرما دے، اے ہمارے رب تو ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا مت کر اور ہمیں اپنے پاس کی رحمت عطا فرما بے شک تو ہی خوب عطا کرنے والا ہے، اس حق کے واسطے کہ تو انصاف کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے اور تو بندوں پر حد درجہ مہربان ہے اے میرے اللہ اے انصاف کرنے والے اے میرے اللہ اے حساب لینے والے اے میرے اللہ اے پیچھے کرنے والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں انکی حرمت وعزت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھ پر ویسے ہی اپنی قضا اور قدر میں مہربانی کر جیسا کہ تو نے مجھ پر ماں کے پیٹ کے اندھیروں میں مہربانی کیا اور مجھ سے تنگی کو دور فرما دے اور جس تکلیف کی میں طاقت نہیں رکھتا وہ مجھ پر نہ ڈال، اس حق کے واسطے کہ تو ہی درد وتکلیف میں مبتلا لوگوں کی درد وتکلیف سے نجات دینے والا ہے، اور تو ہی مجھے کافی ہے تجھی پر میرا بھروسہ ہے، اور تو ہی مددگار ہے۔

## (٩)

بِسْمِ اللّٰهِ جَلِيْلِ الشَّانِ • عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ •

شَدِيْدِ السُّلْطَانِ • مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ •

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ •

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ •
يَامُقْتَدِرُ يَاحَكَمُ يَامُقِيْتُ يَادَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً
دَائِمَةً وَّسَلِّمْ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكْ بَرَكَةً سَرْمَدًا •
بِصِفَتِكَ الْجَلِيْلَةِ مِيْمِ الْمُقْتَدِرِ وَحَاءِ الْحَكَمِ
وَمِيْمِ الْمُقِيْتِ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبْدِكَ
وَحَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ



اَجْمَعِيْنَ • صَلٰوةً تَكُوْنُ لَنَا بِهَا اَنِيْسًا فِيْ كُلِّ
وَحْشَةٍ وَّتَكُوْنُ لَنَا بِهَا جَارًا مِّنْ شُرُوْرِ
الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ • وَمِنْ شُرُوْرِ جُنُوْدِهٖ جَمِيْعًا •
بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحَبِيْبُكَ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُكَ ﷺ • اَللّٰهُمَّ يَامُقْتَدِرُ اَللّٰهُمَّ يَاحَكَمُ
اَللّٰهُمَّ يَامُقِيْتُ اَللّٰهُمَّ يَادَائِمُ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰهِ ﷺ • بِمَا سَأَلَكَ بِهٖ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ • رَبَّنَا لَا
تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَأْنَا • رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ
عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا •
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا
وَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰينَا فَانْصُرْنَا عَلَى
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ • بِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ مَلَأَ

اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِىْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى
جَمِيْعِ خَلْقِكَ • وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے ، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔ اے قدرت والے،اے فیصلہ کرنے والے اے طاقت دینے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مقتدر کی میم حکم کی حامقیت کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی



برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہر وحشت میں ہمارے لئے مونس بن جا اور دھتکارے ہوئے شیطان کے شروں اور اس کے تمام لشکریوں کے شروں سے بچانے والا پڑوس بن جا اس حق کے واسطے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور تیرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے رسول ہیں اے میرے اللہ اے قدرت رکھنے والے اے میرے اللہ اے فیصلہ فرمانے والے اے میرے اللہ اے طاقت دینے والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کے واسطے سے اس چیز کا سوال کرتا ہوں جس چیز کا سوال تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجھ سے کیا اے ہمارے رب تو ہماری بھول چوک یا ہماری خطاؤں اور غلطیوں پر ہم سے مواخذہ مت فرما،اے ہمارے رب ہم پر ویسا بوجھ نہ رکھنا جیسا کہ تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر رکھا اے ہمارے رب تو ہم پر وہ بوجھ نہ رکھ جس کے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں تو ہمیں معاف فرمادے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مولیٰ ہے تو ، تو کافر قوم کے مقابلے میں ہماری مدد فرما، تیرے اس ذاتی نور کا واسطہ ہے جس نے تیرے عرش کے ارکان کو پر کردیا۔



تیری اس قدرت کا واسطہ ہے جس کے ساتھ تو اپنی تمام مخلوقات پر قادر وغالب ہے اور تیری اس رحمت کا واسطہ ہے جو ہر چیز پر وسیع وفراخ ہے، برائی سے پھیرنے والا اور بھلائی کی توفیق دینے والا، صرف عظمت وبلندی والا اللہ ہے۔



## (۱۰)

بِسۡمِ اللّٰهِ جَلِيۡلِ الشَّانِ • عَظِيۡمِ الۡبُرۡهَانِ •

شَدِيۡدِ السُّلۡطَانِ • مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ •

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ وَلَكَ الۡحَمۡدُ وَلَكَ الشُّكۡرُ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ﷺ •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ • يَا مُعِزُّ يَا حَمِيۡدُ يَا مُذِلُّ يَا دَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً دَائِمَةً وَّسَلِّمۡ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكۡ بَرَكَةً سَرۡمَدًا • بِصِفَتِكَ الۡجَلِيۡلَةِ مِيۡمِ الۡمُعِزِّ وَحَاءِ الۡحَمِيۡدِ وَمِيۡمِ الۡمُذِلِّ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبۡدِكَ وَحَبِيۡبِكَ وَنُوۡرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ

اَجْمَعِيْنَ • صَلٰوةً تُعَزِّزُنِيْ بِعِزَّتِكَ فِي الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ • وَتَحْفَظُنِيْ بِهَا وَجَمِيْعَ اُمَّةِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ ﷺ مِّنْ كُلِّ بَلَاءِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ • اَللّٰهُمَّ
يَامُعِزُّ اَللّٰهُمَّ يَاحَمِيْدُ اَللّٰهُمَّ يَامُذِلُّ اَللّٰهُمَّ
يَادَائِمُ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللهِ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ • اَنْ تُصَغِّرَ الدُّنْيَا بِأَعْيُنِنَا
وَتُعَظِّمَ جَلَالَكَ فِيْ قُلُوْبِنَا • اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا
لِمَرْضَاتِكَ وَثَبِّتْنَا عَلٰى دِيْنِكَ وَطَاعَتِكَ • بِحَقِّ
بِسْمِ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ • الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ • مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ • اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ • صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ • غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ • اٰمِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرّٰحِمِيْنَ •



**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔ اے عزت دینے والے، اے تعریف کئے ہوئے اے ذلت دینے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک معز کی میم حمید کی حا مذل کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو مجھے اپنی عزت کے واسطے سے دنیا اور آخرت میں معزز فرمادے اور تو مجھے اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام امت کو اس درود کی برکت سے دنیا اور آخرت کی ہر بلا سے محفوظ فرمادے اے

میرے اللہ اے عزت دینے والے اے میرے اللہ اے تعریف کئے ہوئے اے میرے اللہ اے ذلت دینے والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد ﷺ جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو ہماری نگاہوں میں دنیا کو حقیر بنا دے اور ہمارے دلوں میں اپنی بزرگی کی عظمت کو بڑھا دے، اے میرے اللہ تو ہمیں اپنی خوشنودی کی توفیق عطا فرما، اور ہمیں اپنے دین اور اپنی اطاعت پر ثابت قدم رکھ واسطہ ہے اِس حق کا، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف سارے جہان کے رب اللہ کے لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے قیامت کے دن کا مالک ہے ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں، تو ہمیں سیدھا راستہ چلا، ان کا سیدھا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا ہے، ان کا راستہ نہیں جن پر غضب ہے، اور نہ ان کا راستہ جو گمراہ ہیں، (اے میرے اللہ) تو قبول فرما، اے تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ مہربان تیری رحمت کا واسطہ ہے۔



## (۱۱)

بِسۡمِ اللّٰهِ جَلِيۡلِ الشَّانِ ● عَظِيۡمِ الۡبُرۡهَانِ ●

شَدِيۡدِ السُّلۡطَانِ ● مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ ●

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ ●

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ●

بِسۡمِ اللّٰهِ وَلَكَ الۡحَمۡدُ وَلَكَ الشُّكۡرُ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ●

بِسۡمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ﷺ ●

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ ﷺ ● يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ ﷺ ● يَا مُنۡعِمُ يَا حَاكِمُ يَا مُحۡصِيۡ يَا دَائِمُ ○ صَلِّ صَلٰوةً دَائِمَةً وَّسَلِّمۡ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكۡ بَرَكَةً سَرۡمَدًا ● بِصِفَتِكَ الۡجَلِيۡلَةِ مِيۡمِ الۡمُنۡعِمِ وَحَاءِ الۡحَاكِمِ وَمِيۡمِ الۡمُحۡصِيۡ وَدَالِ الدَّائِمِ ● عَلٰى عَبۡدِكَ وَحَبِيۡبِكَ وَنُوۡرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ ● صَلٰوةً تَرۡزُقُنَا بِهَا شَفَاعَةَ حَبِيۡبِكَ

يَوۡمَ الۡقِيَامَةِ ● وَصَلٰوةً تَرۡزُقُ بِهَا شَفَاعَةَ نُوۡرِكَ
الۡمَحَبَّةِ جَمِيۡعَ اُمَّةِ حَبِيۡبِكَ مَاذَا فِیۡ عِلۡمِكَ
وَقُدۡرَتِكَ مِنَ الۡاَوَّلِيۡنَ وَالۡاٰخِرِيۡنَ ● بِحَقِّ مَنۡ
ذَاالَّذِیۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ وَبِحَقِّ اِنَّكَ اَنۡتَ
غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ● وَاِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ ●
اَللّٰهُمَّ يَا مُنۡعِمُ اَللّٰهُمَّ يَا حَاكِمُ اَللّٰهُمَّ يَا مُحۡصِیۡ
اَللّٰهُمَّ يَا دَائِمُ ● اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِحُرۡمَةِ
سَيۡفُ اللهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللهِ ﷺ ● اَنۡ تَرۡحَمَ كُلَّ
اُمَّةِ رَسُوۡلِكَ وَحَبِيۡبِكَ وَ تَقۡضِیَ حَوَائِجَهُمۡ
الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ● بِحَقِّ هُوَ يَامَنۡ هُوَهُوَ يَامَنۡ
هُوَهُوَ يَامَنۡ هُوَهُوَ ● لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِحۡفَظۡهُمۡ مِنۡ
جَمِيۡعِ الۡبَلَايَا وَالۡاٰفَاتِ فِی الدَّهۡرِ وَالۡقَبۡرِ
وَالۡحَشۡرِ ● بِحَقِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ سَيِّدِ النَّبِيِّيۡنَ
وَاٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ يَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِيۡنَ ●



**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لئے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔ اے انعام فرمانے والے اے حکم کرنے والے اے شمار میں رکھنے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک منعم کی میم حاکم کی حا محصی کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے قیامت کے دن تو ہمیں اپنے حبیب کی شفاعت نصیب فرما ، (اے میرے اللہ تو اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی تمام آل واولاد پر) ایسا دائمی درود وسلام اور برکتیں نازل فرما جس کی برکت سے تو اپنے علم وقدرت کے مطابق اپنے

حبیب کی تمام اولین وآخرین امت کو اپنے نور محبت کی شفاعت نصیب فرما، اس ذات کے واسطے جس کی شان یہ ہے کہ کون ہے جو اس کے پاس بغیر اس کی اجازت کے سفارش کرے اور اس حق کے واسطے کہ تو ہی بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے، اور بے شک تو ہی ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے، اے میرے اللہ اے انعام فرمانے والے اے میرے اللہ اے حکم کرنے والے اے میرے اللہ اے شمار میں رکھنے والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں، ان کی حرمت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں کہ تو اپنے رسول اپنے حبیب کی پوری امت پر رحم فرما اور ان کی دنیوی واخروی ضرورتوں کو پورا فرما، واسطہ ہے ھو کا، اے وہ ذات جو ھو ہے، اے وہ ذات جو ھو ہے، اے وہ ذات جو ھو ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو ان سب کو دہر وقبر وحشر میں تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ فرمادے، واسطہ ہے ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جو تمام نبیوں کے سردار ہیں، اے تمام رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ مہربان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام آل واصحاب کا واسطہ ہے۔



## (۱۲)

بِسۡمِ اللّٰهِ جَلِيۡلِ الشَّانِ • عَظِيۡمِ الۡبُرۡهَانِ •

شَدِيۡدِ السُّلۡطَانِ • مَاشَاۤءَ اللّٰهُ كَانَ •

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ وَلَكَ الۡحَمۡدُ وَلَكَ الشُّكۡرُ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ •

بِسۡمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا هُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم •

يَا اِلٰهَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم • يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم • يَامُبۡدِئُ يَاحَافِظُ يَامُعِيۡدُ يَادَائِمُ • صَلِّ صَلٰوةً دَائِمَةً وَّسَلِّمۡ سَلٰمًا اَبَدًا وَّبَارِكۡ بَرَكَةً سَرۡمَدًا • بِصِفَتِكَ الۡجَلِيۡلَةِ مِيۡمِ الۡمُبۡدِئِ وَحَاءِ الۡحَافِظِ وَمِيۡمِ الۡمُعِيۡدِ وَدَالِ الدَّائِمِ • عَلٰى عَبۡدِكَ وَحَبِيۡبِكَ وَنُوۡرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَّاٰلِهٖ

اَجْمَعِيْنَ • صَلٰوةً تُجِيْبُ بِهَا كُلَّ دُعَائِنَا •
وَتُغْرِقُنَا بِهَا بِرَحْمَتِكَ وَبِرَحْمَةِ حَبِيْبِكَ •
وَاسْقِنَا شَرَابًا طُهُوْرًا مِّنْ لَّدُنْكَ • وَتُدِيْمُ بِهَا
رَحْمَتَكَ وَكَرَمَكَ عَلٰى شَيْخِنَا الْمُكَرَّمِ وَكُلِّ اٰلِهٖ
اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ • بِحَقِّ مَنْ قَالَ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ • وَاَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اِلٰهٌ
وَّاحِدٌ وَّحَبِيْبُكَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُكَ ﷺ • اَللّٰهُمَّ
يَامُبْدِئُ اَللّٰهُمَّ يَاحَافِظُ اَللّٰهُمَّ يَامُعِيْدُ اَللّٰهُمَّ
يَادَائِمُ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفِ اللّٰهِ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ • وَبِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ
وَبِتَقْدِيْسِكَ الْاَعْلٰى اَنَّ النُّوْرَ الَّذِيْ اِكْتَشَفْتَهٗ
مِنْ حُجُبِ الْغُيُوْبِ عَلٰى نُوْرِكَ الْمَحَبَّةِ بِعِزَّتِكَ
الْجَلِيْلَةِ • فَلَايَعْلَمُ بِهٖ اَحَدٌ اِلَّا اَنْتَ • وَهُوَ النُّوْرُ



كَانَ حَامِدًا لَّكَ وَشَاكِرًا لَّكَ فِي الْاَزَلِ كَمَا كَانَ
حَقُّكَ • وَلَازَوَالَ لِحَمْدِهٖ وَشُكْرِهٖ اِلَى الْاَبَدِ •
فَاِنَّ سِوَاكَ غَيْرُ مَوْجُوْدٍ وَاِنَّ غَيْرَكَ
غَيْرُ مُجِيْبٍ • بِحَقِّ فَاِنَّكَ اَنْتَ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ
لِكُلِّ الْخَلْقِ • وَاَنْتَ صَرِيْخُ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ
وَاَنْتَ غِيَاثُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَاَنْتَ مُفَرِّجُ
كُرَبِ الْمَكْرُوْبِيْنَ • لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اللّٰهُ • اَنْتَ
خَيْرُ الْمُجِيْبِيْنَ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ وَاَنْتَ خَيْرُ
الْمُبَارِكِيْنَ • يَارَبِّيَ الْمَعْبُوْدُ يَارَبِّيَ الْمَقْصُوْدُ يَارَبِّيَ
الْمَوْجُوْدُ • اِنَّكَ تَعْلَمُ الرَّحْمَةَ الَّتِيْ تُحِبُّ بِهَا
وَتَرْضٰى بِهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ الصَّلٰوةَ الَّتِيْ كَانَتْ
مَحْبُوْبَةً لَّدٰى حَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ الْمَحَبَّةِ • وَاِنَّكَ
اَنْتَ اَمَرْتَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْ يُّصَلُّوْا عَلٰى

حَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ الْمَحَبَّةِ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﷺ •
يَااَللهُ يَااَللهُ يَااَللهُ اَنْتَ تَعْلَمُ خَيْرَ الصَّلَوَاتِ
وَالتَّسْلِيْمَاتِ لِمَاذَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى عِنْدَكَ وَعِنْدَ
حَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ الْمَحَبَّةِ • يَارَبَّنَا اللهُ اِنَّكَ
تُصَلِّيْ عَلٰى حَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ الْمَحَبَّةِ عَلٰى
مَاوَافَقَ عَظَمَةَ حَبِيْبِكَ وَاَنْتَ تَعْلَمُ عَظَمَةَ
حَبِيْبِكَ وَحَقَّ نُوْرِ مَحَبَّتِكَ • يَا رَبَّنَا اللهُ اَنْتَ
الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ فَأَبْعِدْ مِنِّي الْفَقْرَ بِغِنَائِكَ •
يَا رَبَّنَا اللهُ اَنْتَ الْقَوِيُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ فَاعْطِنَا
الْقُوَّةَ بِقُوَّتِكَ • يَا رَبَّنَا اللهُ اَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا
الذَّلِيْلُ فَعَزِّزْنِيْ بِعِزَّتِكَ • يَارَبَّنَا اللهُ اَنْتَ
الْقَادِرُ وَاَنَا الْعَاجِزُ فَقَدِّرْ لَنَا الْخَيْرَ بِقُدْرَتِكَ •
يَا رَبَّنَا اللهُ اَنْتَ الْغَفَّارُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ فَاغْفِرْ لِيْ



بِمَغْفِرَتِكَ • يَا رَبَّنَا اللهُ اَنْتَ السُّبْحَانُ وَاَنَا
الْمُسِيْئُ فَامْحُ سَيِّئَاتِنَا بِسُبُّوْحِكَ • يَا رَبَّنَا اللهُ
اَنْتَ الْمَعْبُوْدُ وَاَنَا الْعَبْدُ فَاجْعَلْنَا عَبْدًا مُّقَرَّبًا
بِجَمَالِكَ وَ كَمَالِكَ • فَاِنَّ لَكَ الْحَمْدَ وَالشُّكْرَ عَلٰى
كُلِّ نَعْمَائِكَ • وَلَكَ الْحَمْدَ وَ الشُّكْرَ عَلٰى كُلِّ
اٰلَائِكَ وَلَكَ الْحَمْدَ وَالشُّكْرَ عَلٰى قَبْلِ كُلِّ حَالٍ •
وَّلَكَ الْحَمْدَ وَالشُّكْرَ مِنْ كُلِّ الْخَلْقِ وَالْاَمْرِ بِعَدَدِ
كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ رَحْمَتِكَ وَقُدْرَتِكَ •
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا
وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى وَ بِكُلِّ صِفَاتِكَ
الْجَلِيْلَةِ • وَبِذَاتِكَ الْوَحْدَانِيَّةِ وَبِصِفَتِكَ
الصَّمَدَانِيَّةِ • وَبِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ بِحُرْمَةِ سَيْفُ

اللهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ • اَنْ تُصَلِّیَ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً
وَّتُسَلِّمَ سَلَامًا اَبَدًا وَّتُبَارِكَ بَرَكَۃً سَرْمَدًا •
عَلٰی عَبْدِكَ وَحَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ وَمَحَبَّتِكَ مِيْمِ
مُحَمَّدٍ ﷺ وَّحَاءِ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّمِيْمِ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّدَالِ
مُحَمَّدٍ ﷺ • وَّكُلِّ صِفَاتِ نُوْرِكَ الْمَحَبَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ
وَّذَاتِ نُوْرِكَ الْمَحَبَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّ اَبَوَيْهِ
الْمُكَرَّمِيْنِ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ • وَذُرِّيَّاتِهِ
الْمُزَكَّيَاتِ وَاَزْوَاجِهِ الْمُطَهَّرَاتِ وَاَصْحَابِهِ
الْعِظَامِ • وَاَوْلِيَاءِ اُمَّتِهِ الْكِرَامِ مِنْ اَهْلِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ اَجْمَعِيْنَ • وَابْنِهٖ سَيِّدِنَا
الشَّيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ وَ
اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ • وَ السَّيِّدِ الْخَوَاجَہ مُعِيْنِ الدِّيْنِ
حَسَنِ السَّنْجَرِيِّ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ • وَسَيِّدِنَا مُنَوَّرٍ



عَلِيٍّ الشَّاهِ • وَالسَّيِّدِ الْخَوَاجَہ اَحْمَدَ الْكَرَكِ الشَّاهِ
الْاَبْدَالِ • وَمَخْدُوْمِيْنَا وَاَشْيَاخِنَا اَرْبَعَۃَ عَشَرَ بِالْخُصُوْصِ
سُلْطَانِ الْعَارِفِيْنَ سَيِّدِنَا الْمَخْدُوْمِ السَّيِّدِ اَحْمَدَ
الشَّاهِ الْاِلٰہ آبَادِيِّ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ صَلٰوۃً تَحْفَظُنَا بِهَا مِنَ
الْكِبْرِ وَالْحَسَدِ وَالْبُغْضِ وَالْحِقْدِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَۃِ
وَ الْبِدْعَتِ وَالنَّمِيْمَۃِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَ
الْمَعَاصِیْ كُلِّهَا • وَمِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَالذُّنُوْبِ
مَا تَعْلَمُ • وَاَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ
كُلِّ شَرِّ مَا تَعْلَمُ • صَلٰوۃً تَكُوْنُ بِهَا حَمْدًا لَّكَ
وَشُكْرًا لَّكَ وَعِبَادَۃً لَّكَ • وَاَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ
ذُنُوْبِیْ مَا تَعْلَمُ • وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَوْرِ كُلِّ جَائِرٍ
وَّبَغْيِ كُلِّ بَاغٍ وَّحَسَدِ كُلِّ حَاسِدٍ وَّمَكْرِ كُلِّ
مَاكِرٍ وَّغَدْرِ كُلِّ غَادِرٍ وَّكَيْدِ كُلِّ كَائِدٍ وَّظُلْمِ
كُلِّ ظَالِمٍ وَّ كِذْبِ كُلِّ كَاذِبٍ وَّسِحْرِ كُلِّ سَاحِرٍ

وَّشَمَاتَةِ كُلِّ شَامِتٍ وَّ كَشْحِ كُلِّ كَاشِحٍ • اَللّٰهُمَّ
اشْفِنَا بِكَرَمِكَ الْخَفِيِّ مِنْ كُلِّ اَمْرَاضِ
السَّرَطَانِ وَمِنْ كُلِّ اَمْرَاضِ سَكْتَةٍ قَلْبِيَّةٍ
وَّمِنْ كُلِّ اَمْرَاضِ السُّكَّرِ • وَمِنْ كُلِّ اَمْرَاضِ
الْاَجْسَامِ وَمِنْ كُلِّ اَمْرَاضِ الْقُلُوْبِ وَمِنْ كُلِّ
اَمْرَاضِ النُّفُوْسِ وَالْأَنْفَاسِ • وَارْزُقْنَا
الْاَجْسَادَ الصَّحِيْحَةَ الصَّالِحَةَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ
كُلِّ اَمْرَاضِ الظَّاهِرَةِ وَالْبَاطِنَةِ • لِنَعْبُدَكَ
وَنُطِيْعَ صِرَاطَ حَبِيْبِكَ الْكَرِيْمِ • اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ سَيْفُ اللهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ﷺ
مِنْ كُلِّ خَيْرٍ مَّا تَعْلَمُ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جِبْرَائِيْلَ
وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ وَحَمَلَةِ
الْعَرْشِ وَالْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ • وَالْمُنْكَرِ وَ



النَّكِيْرِ وَ كُلِّ مَلٰئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْ اَهْلِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ اَجْمَعِيْنَ • رَبَّنَا تَقَبَّلْ
مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا
اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ • فَصَلَّى اللهُ تَعَالٰى
وَسَلَّمَ وَبَارَكَ عَلٰى حَبِيْبِكَ وَنُوْرِكَ الْمَحَبَّةِ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَحْبَابِهٖ
وَ اَوْلِيَاءِ اُمَّتِهٖ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ
اَجْمَعِيْنَ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ
لَّكَ • آمِيْنَ آمِيْنَ بِجَاهِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ يَارَبَّ
الْعٰلَمِيْنَ •

**ترجمہ** اللہ کے نام سے شروع جو بزرگ شان والا عظیم دلیل والا
زبردست بادشاہت والا ہے اللہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ میں اللہ کی

پناہ لیتا ہوں دھتکارے ہوئے شیطان سے۔اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے، اللہ کے نام سے شروع اور تمام تعریف تمام شکر تیرے ہی لیے ہے، بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔اللہ کے نام سے شروع اور خوب سلامتی نازل ہو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اللہ کے رسول ہیں اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنہار۔اے خلق کی ابتدا کرنے والے اے حفاظت فرمانے والے اے خلق کو لوٹانے والے اے ہمیشگی والے تو اپنی بزرگی وجلالت والی صفت پاک مبدئ کی میم حافظ کی حا معید کی میم اور دائم کی دال کے ساتھ اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آپ کی تمام آل واولاد پر خوب خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہماری ہر دعا کو قبول فرما، اور ہمیں اپنی رحمت اور اپنے محبوب کی رحمت میں شرابور فرما اور ہمیں اپنے پاس کے پاکیزہ جام طہور سے سیراب فرما اور اس درود کی برکت سے تو ہمارے شیخ مکرم اور آپ کی قیامت تک کی تمام آل واولاد پر اپنی رحمت وکرامت کو دائمی فرمادے۔ان کا واسطہ ہے جنہوں نے کہا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ



کے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی تنہا معبود ہے اور تیرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے رسول ہیں اے میرے اللہ اے خلق کی ابتدا فرمانے والے اے میرے اللہ اے حفاظت فرمانے والے اے میرے اللہ اے خلق کو لوٹانے والے اے میرے اللہ اے ہمیشگی والے اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کے واسطے ، تیرے اسم اعظم کے واسطے اور تیری بلند پاکی کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ وہ نور جسے تو نے اپنے نور محبت پر غیب کے پردوں سے اپنی بزرگی وجلالت والی عزت کے ساتھ ظاہر فرمایا اسے تیرے سوا کوئی نہیں جانتا، وہ نور، ازل میں تیری شان کے لائق تیری حمد اور تیرا شکر کرتا رہا اور اس نور کے حمد وشکر کے لئے ابدی طور پر کوئی زوال نہیں ہے کیونکہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک تیرے سوا کوئی جواب دینے والا نہیں کیونکہ تو ہی تمام مخلوقات کی دعاؤں کو قبول فرمانے والا ہے اور تو ہی فریاد چاہنے والوں کی فریاد رسی کرنے والا ہے تو ہی مدد چاہنے والوں کی مدد فرمانے والا ہے اور تو ہی دردمندوں کو درد وتکلیف سے نجات دینے والا ہے اور تو ہی ہر پکار کی جواب دینے والا ہے تو ہی تمام جواب

دینے والوں میں سب سے بہتر ہے تو ہی تمام رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے تو ہی تمام بابرکت والوں میں سب سے بہتر ہے اے میرے پالنہار معبود اے میرے پالنہار مقصود اے میرے پالنہار موجود بے شک تو ہی اس رحمت کو بخوبی جانتا ہے جسے تو پسند کرتا ہے اور جس سے تو راضی ہے اور تو ہی اس درود کو بہتر جانتا ہے جو تیرے حبیب اور تیرے نور محبت کو پسند ہے بے شک تو نے ہی ایمان والوں کو حکم دیا ہے کہ وہ تیرے حبیب اور تیرے نور محبت پر خوب خوب درود وسلام بھیجیں اے اللہ، اے اللہ تو ہی وہ بہتر درود وسلام جانتا ہے جو تجھے اور تیرے حبیب اور تیرے نور محبت کو پسندیدہ اور راضی کرنے والا ہے اے ہمارے پالنہار اللہ بے شک تو ہی اپنے حبیب اور اپنے نور محبت پر اپنے حبیب کی عظمت کے لائق درود بھیجتا ہے کہ تو ہی اپنے حبیب کی عظمت اور اپنے نور محبت کے حق کو جانتا ہے اے ہمارے پالنہار اللہ تو بے پرواہ ہے اور میں محتاج ہوں تو مجھ سے محتاجی کو دور فرمادے اپنی غنا کے واسطے سے، اے ہمارے پالنہار اللہ تو قوی ہے اور میں کمزور ہوں تو مجھے اپنی قوت سے طاقت بخش ، اے ہمارے پالنہار اللہ تو غالب عزت والا ہے اور میں ذلت میں ڈوبا ہوا



ہوں ، تو اپنی عزت کے واسطے سے مجھے معزز فرما،اے ہمارے پالنہار اللہ تو قدرت والا ہے اور میں عاجز ہوں تو اپنی قدرت سے ہمارے لئے بھلائیاں مقدر فرمادے، اے ہمارے پالنہار اللہ تو گناہوں کا بخشنے والا ہے اور میں گنہگار ہوں،تو اپنی مغفرت کے واسطے سے مجھے بخش دے، اے ہمارے پالنہار اللہ تو پاکی والا ہے اور میں سیہ کار ہوں تو اپنی پاکی کے واسطے سے ہماری سیہ کاریوں کو مٹادے،اے ہمارے پالنہار اللہ تو معبود ہے اور میں بندہ ہوں، تو ہمیں اپنی جمال وکمال کے واسطے سے مقرب بندہ بنادے، کیونکہ تیری تمام نعمتوں پر تیرے ہی لئے حمد وشکر ہے تیری تمام نوازشات پر تیرے ہی لئے حمد وشکر ہے اور ہر حال کے قبل پر تیرے ہی لئے حمد وشکر ہے اور ہر خلق وامر کی جانب سے تیری تمام معلوم تعداد کے مطابق اور تیری رحمت وقدرت کی تعداد کے مطابق تیرے ہی لئے حمد وشکر ہے اے میرے اللہ اے ہمارے پالنہار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کرلیا اگر تو نے ہمیں نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ضرور ضرور ہم گھاٹے میں رہنے والوں میں سے ہوجائیں گے۔اے میرے اللہ بے شک میں تیرے اسمائے حسنیٰ، تیری تمام صفات جلیلہ، تیری ذات وحدانیت،

تیری صفت صمدانیت، تیرے اسم اعظم اور اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت کا واسطہ دے کر تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو اپنے بندے اپنے حبیب اپنے نور اور اپنی محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میم محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میم محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دال پر خوب دائمی درود ابدی سلامتی اور سرمدی برکت نازل فرما اور اے میرے اللہ تو اپنے نور محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تمام صفات اور اپنے نور محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات پاک پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین کریمین پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طیب وطاہر آل پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صاف ستھری ذریات پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پاکیزہ ازواج پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابہ عظام اور آسمان وزمین والوں میں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت کے تمام اولیائے کرام پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لاڈلے ہمارے سردار شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی اور آپ کی تمام آل پر اور سید خواجہ معین الدین حسن سنجری اور آپ کی تمام آل پر اور حضرت سید منور علی شاہ پر اور حضرت سید خواجہ احمد کڑک شاہ ابدال پر اور ہمارے حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں بالخصوص سلطان العارفین حضرت مخدوم سید احمد شاہ الہ آبادی پر اور آپ کی تمام



آل پر خوب دائمی درود وسلامتی اور برکت نازل فرما (رضی اللہ عنہم) ایسا درود کہ جس کی برکت سے تو ہمیں تکبر وحسد بغض وکینہ جھوٹ وغیبت اور بدعت چغلخوری وبے حیائی الزام تراشی اور تمام بدکاریوں تمام سیہ کاریوں اور ان تمام گناہوں سے محفوظ فرما دے جنہیں تو جانتا ہے اور میں اللہ کے تمام مکمل کلمات کے وسیلے سے ان تمام بری چیزوں سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں جنہیں تو جانتا ہے۔ ایسا درود جس میں تیری حمد ہو اور تیرا شکر ہو اور تیری عبادت بھی ہو، میں اپنے ان تمام گناہوں سے تجھ سے بخشش چاہتا ہوں جنہیں تو جانتا ہے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر ظالم کے ظلم سے ہر باغی کی بغاوت سے ہر حاسد کی حسد سے ہر مکار کے مکر سے ہر دھوکے باز کے دھوکے سے ہر فریبی کے فریب سے ہر زبردستی کرنے والے کی زبردستی سے ہر جھوٹے کے جھوٹ سے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر جادوگر کے جادو سے ہر نقصان پر خوش ہونے والے کی خوشی سے اور ہر کینہ رکھنے والے کے کینہ سے۔ اے میرے اللہ تو اپنے پوشیدہ کرم کے واسطے سے ہمیں ہر کینسر کے مرضوں ہر دل کے دورہ کے مرضوں ہر شوگر کے مرضوں ہر جسم کے مرضوں ہر دلوں کے مرضوں اور تمام نفسوں اور سانسوں کے مرضوں سے شفا بخش دے اور ہم سب کو صحت وتندرستی اور تمام ظاہری

وباطنی مرضوں سے محفوظ رہنے والا جسم عطا فرما تاکہ ہم تیری عبادت کریں اور تیرے حبیب مکرم کے راستے کی پیروی کریں۔اے میرے اللہ بے شک میں تجھ سے اللہ کی تلوار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ اللہ کے رسول ہیں ان کی حرمت وعزت کے واسطے سے ہر اس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے۔اے میرے اللہ تو حضرت جبرئیل وحضرت میکائیل وحضرت اسرافیل وحضرت عزرائیل اور عرش کے اٹھانے والوں اور کراماً کاتبین ومنکر ونکیر اور اپنے تمام آسمان وزمین میں مقرب ترین فرشتوں پر خوب خوب درود نازل فرما۔اے ہمارے پالنہار تو ہماری طرف سے قبول فرمالے بے شک تو سننے والا جاننے والا ہے اور ہم پر رجوع فرما بے شک تو ہی توبہ قبول کرنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے پس اللہ تعالی اپنے حبیب اور اپنے نور محبت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کی آل وازواج اور ذریات آپ کے اصحاب واحباب پر اور آسمان وزمین میں رہنے والے آپ کی امت کے تمام اولیا پر ہر لمحہ ہر سانس میں اپنی تمام معلوم تعداد کے مطابق خوب خوب درود وسلام اور رحمت وبرکت نازل فرمائے آمین آمین۔

بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ
الطَّاہِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ○



آستانہ حضرت مخدوم سید چودھوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد